## سوال

ویڈیوگیم کے آلات کی خرید وفروخت وتیاری

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ 1 : الیکٹرونکس کے آلات کی خرید وفروخت کیسی ہے ۔ ؟ 2 : کمپیوٹر اور LCD اور ان کی اسیسریز کی خرید وفروخت کیسی ہے ۔ ؟ 3 : ویڈیو گیمز کے سوفٹ ویرز، ویڈیو گیمز جو بازار میں بچوں کے لئے کمرشل رکھی جاتی ہیں ان کا بنانا پھر فروخت کرنے کا کیا حکم ہے ۔ ؟ 4 : ویڈیو گیمز کی اسیسریز "مثلا" ہنڈل ، بٹن ، ٹوکن ، ٹوکن سوئچ ،تاریں ، JOYPAD، وغیرہ کا بنانا، خرید وفروخت کرنے کا حکم ۔ ؟ 5 : ان تمام اشیاء کی مرمت کے کام کا حکم ؟ الیکٹرونکس کی خرید وفروخت ، تیاری اور مرمت کا حکم الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! مذکورہ اشیاء بذات خود نہ تو حلال ہیں اور نہ حرام ہیں، ان کا حکم ان کے استعمال پر مبنی ہے ۔ اگر آپ جانتے ہوں کہ خریدار اسے اچھے استعمال میں لائے گا تو اسے فروخت کرنا جائز ہوگا ، اور اگر آپ جانتے ہوں کہ خریدار اسے حرام استعمال میں لائے گا تو اسے فروخت کرنا حرام ہوگا ، کیونکہ یہ حرام پر اس کی اعانت ہے ، اور یہ معروف فقہی قاعدہ ہے کہ حرام کی طرف لے جانے والے راستے بھی حرام ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ فقہاء کرام نے مسلمانوں کے قاتل کو اسلحہ فروخت کرنا، شراب بنانے والے کو انگور، اور دکان فروخت کرنے کو حرام قرار دیا ہے ۔ حالانکہ بذات خود ان کی فروخت حرام نہیں ہے ۔ یہی حکم ان آلات کو تیار کرنے اور ان کی مرمت کرنے کا ہے ۔ لیکن یاد رہے کہ ہمارے معاشرے میں عموما ان اشیاء کا غلط استعمال ہی ہوتا ہے ، اور اغلبیت کو سامنے رکھتے ہوئے اس کاروبار کی بجائے کوئی دوسرا اچھا سا کاروبار کر لیا جائے ، جو مشکوک نہ ہو ۔ کیونکہ بڑی مارکیٹ میں بیٹھ کر آپ کیسے معلوم کر سکتے ہیں کہ آپ کا گاہک اس کا کیا استعمال کرے گا ۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر (9083)

http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/9083/259/ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث